Maulana Azad National Urdu University

M.A : Islamic Studies, II Semester Examination - May - 2019

Paper - MAIS202CCT : The Abbasids and the Petty Dynasties

پرچہ: عہد عباسی اور چھوٹی خاندانی حکومتیں

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) عباسی حکومت کا عہد کیا ہے؟

(a) 909ء تا 1260ء (b) 750 ء تا 1258

(c) 850 ء تا 1100 (d) 750 ء تا 1200 ء

(ii) ابوجعفر منصور کے دور حکومت میں کون سا شہر تعمیر ہوا؟

(a) سامرا (b) قاہرہ

(c) بغداد (d) اسکندریہ

(iii) کس حکومت کے قیام میں ابومسلم خراسانی کا اہم رول ہے؟

(a) فاطمی حکومت (b) ایوبی حکومت

(c) عباسی حکومت (d) مملوک حکومت

(iv) ان میں سے کس حکمران کا تعلق فاطمی حکومت سے ہے؟

(a) ہارون رشید (b) العزیز باللہ

(c) ملک ظاہر بیبرس (d) سلیم اول

(v) فاطمی حکومت کا بانی کون ہے؟

(a) عبداللہ المہدی (b) قائم بامراللہ

(c) حاکم بامراللہ (d) ان میں سے کوئی نہیں

(vi) سلطان ملک ظاہر بیبرس کا تعلق کس حکومت سے ہے؟

(a) بحری مملوک حکومت (b) برجی مملوک حکومت

(c) فاطمی حکومت (d) سلجوقی حکومت

(vii) ابن نفیس کو کس فن میں شہرت حاصل ہے؟

(a) تاریخ نگاری (b) طب

(c) زراعت (d) اصول حدیث

(viii) کون سی کتاب امام ابن تیمیہ کی ہے؟

(a) القانون فی الطب (b) منہاج السنۃ

(c) فتح الباری (d) کتاب المناظر

(ix) فیلسوف عرب کسے کہا جاتا ہے؟

(a) ابراہیم فزاری (b) عبداللہ بن مقفع

(c) یعقوب ابن اسحاق الکندی (d) یوحنا ابن ماسویہ

(x) خاندان برامکہ کے وزراء کا تعلق کس حکومت سے تھا؟

(a) فاطمی حکومت (b) مملوک حکومت

(c) عباسی حکومت (d) ایوبی حکومت

حصہ دوم

2. عباسی حکومت کے استحکام میں ابوجعفر منصور کے کردار سے بحث کیجیے۔
3. عباسی حکمراں مامون رشید کے کارناموں پر ایک جامع نوٹ تحریر کیجیے۔
4. عباسی عہد کے فن تعمیر پر ایک جامع نوٹ تحریر کیجیے۔
5. عباسی عہد کے سماجی حالات پر ایک مضمون قلم بند کیجیے۔
6. فاطمی حکومت کے قیام پر روشنی ڈالیے۔
7. صلیبی جنگوں کے اسباب و پس منظر پر روشنی ڈالیے۔
8. مملوک حکمراں منصور قلاؤن کے کارناموں کو بیان کیجیے۔
9. سلطان صلاح الدین ایوبی کے کارناموں پر ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

حصہ سوم

10. عباسی حکمراں معتصم باللہ کے کارناموں کو تفصیل سے بیان کیجیے۔
11. عباسی عہد میں علوم کے ارتقا پر تفصیلی مضمون تحریر کیجیے۔
12. فاطمی دور کی علمی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔
13. برجی مملوک حکومت پر ایک تعارفی مضمون قلم بند کیجیے۔
14. مملوک دور حکومت کی علمی خدمات کو بیان کیجیے۔

☆☆☆